© rasailojaraid.com

لیے تیار کیا جاتا ہے۔ ۱۹۹۷ء میں مقامی چرچوں کے افراد میں سے تقریباً سات ہزار مختصر گروپ تشکیل دیے گئے تھے۔

فلم دیکھنے کے بعد جب لوگ سوال پوچھتے ہیں تو تربیت یافتہ کارکن چرچ میں اُن کی مدد کرتے ہیں۔ ''بائبل سوسائٹی آف سوڈان'' فلم دکھانے اور عربی زبان میں ''عہد نامہ جدید'' کے پچاس ہزار نسخے تقسیم کرنے کا پروگرام رکھتی ہے۔ (''پلس''، ۵ جون ۱۹۹۸ء)

## قازقستان: چرچ قائم ہو گئے ہیں۔

''مارک نیوز لیٹر'' (MARC Newsletter) بابت مئی ۱۹۹۹ء کے مطابق سابق سوویت یونین کے خاتمے (دسمبر ۱۹۹۰ء) پر قازقستان میں کوئی قازق چرچ نہیں تھا۔ زیادہ سے زیادہ یہی کہا جا سکتا ہے کہ کچھ افراد مسیحی تھے، مگر محض آٹھ برس کے مختصر عرصے میں ۴۳ چرچ قائم ہو گئے ہیں۔ ان چرچوں سے وابستہ افراد کی اکثریت قازق ہے اور تین ہزار سے زائد قازق باقاعدگی سے چرچوں میں حاضر ہوتے ہیں۔

حکومت قازقستان کی باقاعدہ اجازت سے سکولوں کے بچوں میں اڑھائی لاکھ کی تعداد میں ایک کتاب تقسیم کی گئی ہے جو بائبل کی کہانیوں پر مشتمل ہے۔





© rasailojaraid.com